| سبقی منصوبہ بندی 1 | مضمون: معاشرتی علوم | جماعت: پنجم | تیسری سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت: 40 منٹ | تاریخ: ________ | ہفتہ: 3 | استاد کا نام: ________ |

| سبق کا نام: آبادی | باب پنجم: جغرافیہ |
|---|---|

**مقاصد:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- آبادی میں اضافے کی شرح اور آبادی کی گنجائش کی اصطلاحوں کی تعریف کر سکیں۔
- بیان کر سکیں کہ آبادی میں اضافہ کس طرح طلبہ کی روزمرہ کی زندگی کے معیار پر اثر انداز ہوتا ہے۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 5) کی کتاب

**تحریکی سرگرمی:** **5 منٹ**

کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، طلبہ کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔

طلبہ سے پوچھیں کہ:

آپ کے خاندان میں کتنے افراد ہیں؟

آپ کے کمرہ جماعت میں کتنے طلبہ ہیں؟

طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں اور جواب دینے میں ان کی مدد کریں۔

**تدریسی طریقہ کار:** **25 منٹ**

- طلبہ سے کتاب کے صفحہ نمبر 73 سے متن پڑھوائیں۔
- طلبہ کو متن کی مدد سے ''آبادی'' کا مطلب بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں آبادی کی تعداد معلوم کرنے کے ساتھ ساتھ ملک میں بسنے والے تمام لوگوں کی عمر، جنس، مذہب، ملازمت، جائیداد اور تعلیم سے متعلق معلومات کو ''مردم شماری'' کہا جاتا ہے۔ انھیں مردم شماری کی اہمیت سے آگاہ کرتے ہوئے بتائیں کہ مردم شماری سے حاصل ہونے والی معلومات، حکومت کو مستقبل کے منصوبوں (تعلیم، صحت، رہائش، ذرائع، آمد و رفت وغیرہ) کے لیے نئے بجٹ مختص کرنے میں مدد فراہم ہوتی ہے۔
- طلبہ کو مختلف سالوں میں اب تک آبادی میں اضافے کے بارے میں بتائیں۔
- انھیں دیے گئے گراف کی مدد سے ''آبادی میں اضافے کی شرح'' کا مطلب بتائیں اور ایک علاقے کی ماضی کی آبادی کو موجودہ آبادی کی مثال دیتے ہوئے فارمولے کے مطابق آبادی میں اضافے کی شرح معلوم کرنے کا طریقہ سمجھائیں۔
- درج ذیل ویب سائٹ کا استعمال کرتے ہوئے طلبہ کو پاکستان کی موجودہ آبادی کے بارے میں حقائق اور اعداد و شمار بتائیں۔

- اگر ہم دُنیا کی آبادی کا جائزہ لیں تو ہمیں پتہ چلے گا کہ 1800 میں دُنیا کی آبادی 1 بلین سے کم تھی۔اور اب یہ آبادی 7.5 بلین سے زیادہ ہو چکی ہے۔دُنیا میں آبادی کی شرح روز بروز بڑھ رہی ہے۔

| | |
|---|---|
| **اعادہ** | **3منٹ** |

آج کے سبق کے اہم نکات کا خلاصہ پیش کریں۔

| | |
|---|---|
| **جائزہ:** | **5منٹ** |

طلبہ سے پوچھیں کہ :

آبادی اور مردم شماری سے کیا مراد ہے؟

آبادی میں اضافے کی شرح سے کیا مراد ہے؟

| | |
|---|---|
| **گھر کا کام:** | **2منٹ** |

پڑھائے گئے سبق کی دہرائی کروائیں۔

| سبقی منصوبہ بندی2 | مضمون: معاشرتی علوم | جماعت: پنجم | تیسری سہ ماہی |
| --- | --- | --- | --- |
| وقت: 40منٹ | تاریخ:________ | ہفتہ: 3 | اُستاد کا نام:________ |

| سبق کا نام: آبادی | باب پنجم: جغرافیہ |
| --- | --- |

**مقاصد:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- آبادی میں اضافے کی شرح اور آبادی کی گنجانیت کی اصطلاحوں کی تعریف کر سکیں۔
- بیان کر سکیں کہ آبادی میں اضافہ کس طرح طلبہ کی روزمرہ کی زندگی کے معیار پر اثرانداز ہوتا ہے۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 5) کی کتاب، فلیش کارڈز

**تحریکی سرگرمی:** 5منٹ

کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، طلبہ کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔

طلبہ سے پوچھیں کہ:

- آبادی اور مردم شماری کسے کہتے ہیں؟
- آبادی میں اضافے کی شرح سے کیا مراد ہے؟

طلبہ کی جواب دینے میں مدد کریں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں اور انھیں بولنے کا بھرپور موقع دیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** 25منٹ

- کتاب کے صفحہ نمبر 73 سے متن طلبہ سے پڑھوائیں۔
- کسی ملک یا علاقے کی سالانہ آبادی میں اضافے کی شرح کہلاتا ہے۔ دنیا کی سالانہ اضافے کی شرح 1.1 فیصد ہے۔ جب کہ پاکستان کی آبادی میں سالانہ اضافے کی شرح 2.4 فیصد ہے۔ جو کہ بہت زیادہ ہے۔
- طلبہ کو "آبادی کی گنجانی" کا مطلب بتائیں۔
- انھیں پاکستان کی آبادی کے گنجان علاقوں پر مشتمل مختلف صوبوں اور شہروں کے ناموں کے بارے میں مختصراً بتائیں۔
- انھیں پاکستان کے چند شہروں کی آبادی گنجانی متن میں دیے گئے طریقے سے معلوم کرنا سکھائیں۔
- آبادی کی گنجانی کے فارمولے کی مدد سے طلبہ کو بتائیں کہ کس طرح ان کی جماعت کی آبادی کی گنجانی معلوم کی جاسکتی ہے۔
- پاکستان، بھارت، بنگلہ دیش، جاپان اور ہانگ کانگ دُنیا کے گنجان آباد علاقے ہیں۔

**اعادہ** 3منٹ

آج کے سبق کے اہم نکات کا خلاصہ پیش کریں۔

**جائزہ:** **5منٹ**

طلبہ سے پوچھیں:

آبادی کی گنجانی سے کیا مراد ہے؟

دنیا کے گنجان آباد اور غیر گنجان آباد علاقوں کے نام بتائیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کی دہرائی کریں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| تیسری سہ ماہی | جماعت: پنجم | مضمون: معاشرتی علوم | سبقی منصوبہ بندی 3 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 3 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب پنجم: جغرافیہ | سبق کا نام: آبادی |

## مقاصد:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- پاکستان میں آبادی میں اضافے کے عوامل (Factors causing Increase in Population) بیان کر سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 5) کی کتاب

## تحریکی سرگرمی: 5 منٹ

کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، طلبہ کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔

طلبہ سے پوچھیں کہ:

آبادی کی گنجانی سے کیا مراد ہے؟

پاکستان میں آبادی کی کیا صورت حال ہے؟

جواب دینے میں طلبہ کی مدد اور حوصلہ افزائی کریں اور انھیں بولنے کا بھرپور موقع دیں۔

## تدریسی طریقہ کار: 25 منٹ

- کتاب کے صفحہ نمبر 74 سے متن طلبہ سے پڑھوائیں۔
- طلبہ کو متن کی مدد سے پاکستان کی آبادی اور عالمی سطح پر فہرست میں اس کا نمبر بتائیں۔
- انھیں بتائیں کہ کیسے پاکستان کی بڑھتی ہوئی آبادی سماجی زندگی کو متاثر کرتی ہے۔
- انھیں متن میں دی گئی مثالوں کی مدد سے بتائیں کہ پاکستان میں بڑھتی ہوئی آبادی پر کون سے عوامل اثر انداز ہوتے ہیں۔
- پاکستان میں تیزی سے بڑھنے والے عوامل درج ذیل ہیں۔

  ♦ خاندانی منصوبہ بندی ♦ شرح نمو ♦ غربت
- آبادی میں تیزی سے ہوتا ہوا اضافہ حکومت پاکستان کے لیے بنیادی ضروریات کی فراہمی کو بہت مشکل بنا رہا ہے۔
- آبادی کے ساتھ ساتھ ضروری ہے کہ ہمارے ملک کے وسائل میں اضافہ ہو، یعنی اگر آبادی میں اضافہ ہے تو لوگوں کو اس حساب سے رہائش، خوراک، روزگار، تعلیم اور تفریح کی سہولتیں بھی میسر آنی چاہیے۔ ورنہ معیار زندگی متاثر ہوتا ہے۔

| | |
|---|---|
| **اعادہ** | **3منٹ** |

سبق کے اہم نکات کا مختصراًاعادہ کروائیں۔

| | |
|---|---|
| **جائزہ:** | **5منٹ** |

مشق 2 جزو(ا) کا سوال (i) اور (ii) طلبہ سے سنیں۔

| | |
|---|---|
| **گھر کا کام:** | **2منٹ** |

پڑھائے گئے سبق کی گھر میں دہرائی کریں۔